سوال

(153)حافظِ قرآن کا سفارش کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہ کون سی حدیث ہے کہ حافظ قرآن دس یا ستر گناہگاروں کی سفارش کرے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ہے کہ جس نے قرآن یاد کیا اور اس کے حلال وحرام کی پابندی کی وہ جنت میں داخل ہوگا اور اپنے اہل خانہ سے ایسے دس افراد کی سفارش کرے گا جن کے متعلق جہنم واجب ہونے کا فیصلہ ہوچکا ہوگا۔ [ترمذی، فضائل القرآن: ۲۹۰۵]

لیکن اس حدیث کے متعلق امام ترمذی رحمہ اللہ نے خود ہی وضاحت کردی ہے کہ ایک راوی حفص بن سلیمان کی وجہ سے اس کی سند صحیح نہیں ہے، نیز اس میں کثیر بن زاذان راوی مجہول ہے۔ اس بنا پر یہ حدیث انتہائی کمزور ہے۔ [مرعاۃ المفاتیح، ص: ۳۴۲، ج ۳]

ستر آدمیوں کی سفارش کے متعلق کوئی حدیث ہماری نظر سے نہیں گزری۔ [واللہ اعلم]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:190